23/01/2026

09.25/ AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر مینعابدہ اختر

موسم

جمونو کشمیر کے اکثر علاقوں میں گذشتہ شب سے
محکمہ

موسمیات کی پیشگوئی بارش اور برفباری کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے، جس کا ایک لمبے ۓ عرصے سے انتظار تھا۔ حالانکہ شبانہ آندھیوں کے نتیجے میں بعض تعمیراتی ڈھانچوں اور پیڑ پودوں کو نقصان بھی پہنچ گیا ہے۔

تازہ ترین موسمی صورتحال کے بارے میں سرینگر میں
محکمہ

موسمیات کے ڈائریکٹر ڈاکٹر مختار نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا ۓ کہ یہ سلسلہ آج شام تک یوں ہی جاری رہے گا۔

ٹریفک

اُبھرتی موسمی صورتحال کے تناظر میں وادی کا زمینی اور فضائی رابطہ منقطع ہو گیا ہے۔ مختلف اضلاع میں موجود ہمارے نمائندوں نے خبر دی ہے کہ سرینگر جموں قومی شاہراہ// سرینگر ۔لیہہ۔ قومی شاہراہ// مغل روڈ// سنتھن روڈ//چوکی بل ٹنگڈار، کیرن اور مڑھل// گریز بانڈی پورہ اور دیگر رابطہ سڑکوں کو احتیاط کے طور پر بند کیا گیا ہے۔

برفباری کے پیش نظر سرینگر۔ بانہال ٹریک پر ریل سروس کو بھی معطل کر دیا گیا ہے۔سرینگر بین الاقوامی ہوائی اڈے سے آنے جانے والی کئی پروازیں بھی فی الحال منسوخ کی گئی ہیں۔

اس دوران مختلف مقامات پر سڑکوں سے برف ہٹانے کا کام بھی شروع کیا گیا ہے۔

سرینگر

کے کمشنر فضل الحسیب نے متعلقہ محکموں کے SMC ادھر ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو اور حکام اور اہلکاروں کے ساتھ ایک میٹنگ کر کے سڑکوں سے برف ہٹانے کے کام کے منصوبے کا جائزہ لیتے ہوئے تمام متعلقین کو عوامی خدمت میں ہمہ تن اور ہمہ وقت پیش پیش رہنے کی ہدایت دی ہے۔

اس موقعے پر خاص توجہ، کسی بھی موسمی صورتحال سے نمٹنے اور سڑکوں کو قابل آمد ورفت بنائے رکھنے پر، مرکوز رہی۔

زُبیر سلیم

برفباری کے دوران جہا ں عام لوگوں کوچلنے پھرنے میں مشکل در پیش رہتی ہے وہیں ماہرین صحت کا ماننا ہے کہ بزرگوں کو برف پڑنے کی صورت میں چلنے پھرنے کے دوران خاص احتیاط برتنی چاہئے۔

اس بارے میں معروف معالج اور بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر ڈاکٹر زبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

....

سنیل شرما

اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما نے نئی دلی میں مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ سے ملاقات کر کے ان کے ساتھ اسمبلی کے آنے والے اجلاس// موجودہ سیاسی اور سکیورٹی صورتحال// اور جموںو کشمیر کی ترقیاتی ترجیحات جیسے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔

میٹنگ کے دوران بنیادی ڈھانچے کی ترقی، نوجوانوں کی بااختیاری اور سیاحتی سیکٹر کی بحالی جیسے معاملات بھی زیر غور آئے۔

KU

کشمیر یونیورسٹی نے ایک اہم تعلیمی سنگ میل عبور کیا ہے، جہاں کیئریر کونسلنگ اینڈ پلیسمنٹ سینٹر کے سوِل سروسز ریزڈنشل کوچنگ پروگرام کے پہلے بیچ سے17امید واروں نے جموںو کشمیرCombined Competitive Examination-2024 کے Mains میں کامیابی حاصل کر کے Qualify-کیا ہے انٹرویو کے مرحلے کےلئے

کامیاب اُمید واروں کو دلی مبارکباد پیش کر تے ہوئے یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان نے اس پیش رفت کو نہایت حوصلہ افزا قرار دیا ہے۔

IUST

ادھر جموں یونیورسٹی کے اہتمام سے منعقد ہ سٹیٹ لیول ٹورنا منٹ کے کھیل مقابلوں میں اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر نے بہترین کار کردگی کا مظاہر ہ کرکے ٹیبل ٹینس کے مقابلوں میں چاندی کے پانچ تمغے حاصل کئے ہیں۔

یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر شکیل احمد رومشو نے اس کامیابی پر یونیورسٹی کی ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔

شبِ معراج

معراج النبی ﷺ کے بعد جمعہ کے سلسلے میں آج پورے جمونوکشمیر میں دینی اجتماعات منعقد ہو رہے ہیں۔ سب سے بڑا اجتماع آثار شریف درگاہ حضرت بل میں منعقد ہو رہا ہے، جہاں آج نماز پنجگانہ کے بعد موئے مقدس آنحضور ﷺ کی زیارت کرائی جا رہی ہے ۔

قومی گیت

قومی گیت وندے ماترم کے150برس مکمل ہونے کے سلسلے میں دوسرے مرحلے کی تقریبات کی ایک کڑی کے طور پر گاندربل میں ایک میگا ٹارچ ریلی نکالی گئی۔

ڈپٹی کمشنر جتن کشور کی قیادت میں نکالی گئی یہ ریلی حب الوطنی کے جذبے سے سرشار تھی۔

اُدھر اونتی پورہ میں بھی وندے ماترم سے متعلق ایک پروگرام منعقد کیا گیا۔ پروگرام میں سینئر افسروں کے علاوہ طالب علموں اور عام لوگوں کی ایک اچھی خاصی تعداد نے حصہ لیا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 1اعشاریہ1ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت10اعشاریہ2ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

....

....

....